2025-03-05

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج روزگار کے سلسلے میں، بجٹ کے بعد کے ویبینار میں شرکت کریں گے۔

2- حکومت نے آج نئی دلّی میں خواتین دوست مثالی گرام پنچایتوں کا آغاز کرے گی۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دوطرفہ باہمی تعاون پر بات چیت کے لیے لندن میں، برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer سے ملاقات کی۔

4- امریکہ کی طرف سے شروع کی گئی تجارتی جنگ کا میکسیکو، کینیڈا اور چین نے فوری جواب دیا ہے۔ انہوں نے بھی نئے محصولات عائد کر دیے ہیں۔

5- اور کرکٹ میں، بھارت ICC چیمپئنس ٹرافی 2025 کے فائنل میں داخل ہو گیا ہے۔ اُس نے دبئی میں آسٹریلیا کو 4 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Webinar Employment

وزیر اعظم نریندر مودی آج روزگار سے متعلق، بجٹ کے بعد کے ویبینار میں، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کریں گے۔ ویبنار کے مقاصد میں عوام، معیشت اور اختراع کو فروغ دینے کے لیے کی جانے والی کوششیں بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aman - PM Webinar

روزگار کے موقعے پیدا کرنا، حکومت کی بنیادی توجہ کا ایک شعبہ رہا ہے۔ حکومت نے، وزیر اعظم نریندر مودی کے تصور کی بنیاد پر روزگار کے موقعوں میں اضافہ کرنے کے لیے بہت سے اقدام کے ہیں۔

اِس ویبینار سے، یکسر تبدیلی لانے والے بجٹ میں کیے گئے اعلانات کو، عملی شکل دینے سے متعلق حوصلہ افزاء مذاکرات کے ذریعے حکومت، صنعت، تعلیمی اداروں اور شہریوں کے مابین

اشتراک کو فروغ حاصل ہوگا۔ مذاکرات کا مقصد دیرپا اور سب کی شمولیت والی ترقی، ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں قیادت اور ایک ایسی ہُنرمند و صحتمند افرادی قوت پیدا کرنے کی راہ ہموار ہوگی، جو 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی جانب کام کرے۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## Gram Panchayat Women

پنچایتی راج کی وزارت آج نئی دلّی میں، ایک قومی کنونشن میں، خواتین دوست مثالی گرام پنچایتوں کا آغاز کرے گی۔ یہ اقدام وزارت کی خواتین کے بین الاقوامی دن 2025 کی تقریبات کا حصہ ہے۔

اِس اقدام کا اصل مقصد ہر ایک ضلعے میں، کم سے کم ایک خواتین دوست مثالی گرام پنچایت قائم کرنا ہے۔ ×

## Vaishnaw Belgium

الیکٹرانکس اور IT کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلّی میں، بیلجیم کی شہزادی Astrid کی قیادت والے ایک وفد سے ملاقات کی اور صاف ستھری ٹیکنالوجی، دفاع اور الیکٹرانکس وغیرہ کے میدانوں میں اشتراک پر بات چیت کی۔

کَل ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ میٹنگ کے دوران انہوں نے دیہی علاقوں میں، UPI کے یکسر تبدیلی لانے والے اثرات کے بارے میں بھی بتایا، جس کی وجہ سے سب کی شمولیت والی ترقی کو فروغ حاصل ہو رہا ہے۔×

## Vaishnaw IIMC

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے طلبا پر زور دیا ہے کہ وہ کام پر توجہ مرکوز رکھیں اور اپنے مقصد کے لیے پُر عزم رہیں۔

نئی دلی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونکیشن IIMC کے 56ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ آج میڈیا کا پورا منظر نامہ بدل رہا ہے۔ انھوں نے طلبا سے کہا کہ وہ ملک کو ہمیشہ مقدم رکھیں۔ جناب ویشنو نے IIMC کو جدید ترین سہولتوں کے ساتھ عالمی معیار کا میڈیا ادارہ بنانے کا اعادہ کیا۔

## S/B Ashwani Vaishnaw

فارغ التحصیل طلبا کو مبارکباد دیتے ہوئے جناب ویشنونے کہا کہ IIMC کے اگلے ورژن میں ایک عالمی معیار کا نصاب اور میڈیا انڈسٹری کے ساتھ مضبوط تعاون بھی شامل ہوگا تاکہ تیزی سے بدلتے ہوئے ذرائع ابلاغ کے منظر نامے کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ اس تقریب کے دوران جناب ویشنو نے 2023-24 بیچ کے صحافت کے 478 طلبا کو پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما تفویض کیے۔x

Niti Aayog Janaushadhi

نیتی آیوگ کے رکن وی-کے پال نے کہا ہے کہ حکومت، جَن اوشدھی مرکزوں کے بارے میں بیداری لانے کے لیے ایک مہم چلا رہی ہے۔ آئندہ جَن اوشدھی دِوَس کے بارے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جَن اوشدھی مرکزوں پر تقریباً 2 ہزار دوائیں اور 300 سرجیکل آلات دستیاب ہیں۔

S/B V K Paul

Raigad Road Accident

مہاراشٹر میں، ایک سڑک حادثے میں 2 افراد ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے۔ اطلاع کے مطابق رائے گڑھ ضلعے کے تمہینی گھاٹ پر، ایک تیز رفتار کار، ایک سرکاری ٹرانسپورٹ بس سے ٹکرا گئی۔ پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ کل شام، پُنے-منگاؤں روڈ پر ہوا۔×

Telengana Tunnel Rescue Operation

تلنگانہ کے نگر کرنول ضلعے میں Domalapenta کے مقام پر سری سائیلم لیفٹ بینک کنال SLBC سرنگ میں Conveyor Belt کی بحالی کے ساتھ بچاؤ کارروائی میں کافی تیزی آگئی ہے۔ حکام نے اعلان کیا ہے کہ Conveyor Belt کی بحالی سے فی گھنٹے 800 ٹن ملبے کو ہٹانے کا کام کیا جا رہا ہے۔

قدرتی آفات سے نمٹنے والے محکمے کے اسپیشل چیف سکریٹری اروند کمار اور کلکٹر Badavath Santosh نے SLBC پروجیکٹ میں بچاؤ کارروائی کا جائزہ لیتے ہوئے جائے حادثہ پر ایک میٹنگ کی۔

حکام نے کہا کہ زمین سے داخل ہونے والے راڈار کے ذریعے جن علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے وہاں کھدائی جاری ہے، جس میں دو ایسکلیٹرز مدد کے لیے تیار رکھے گئے ہیں۔

ٹنل بورنگ مشین کے آخری اجزاء کو گیس کٹر کے ذریعے کاٹ کر لوکو ٹرین کے ذریعے ہٹایا جانا ہے۔ سرنگ کے اندر سے پانی کو باہر نکالا جا رہا ہے۔ اس دوران زلزلے سے متعلق قومی مرکز کی ٹیم بھی بچاؤ کارروائی میں مدد فراہم کرنے کے لیے جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar UK Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برطانیہ کے وزیر اعظم Kier Starmer سے لندن کے 10 ڈاؤننگ اسٹریٹ میں ملاقات کی اور باہمی اقتصادی تعاون اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو بڑھانے پر بات چیت کی۔

ملاقات کے بعد سوشل میڈیا پر ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے جناب Starmer کو نیک خواہشات پیش کیں۔ جناب جے شنکر نے مزید کہا کہ جناب Starmer نے یوکرین تنازعے پر برطانیہ کا موقف پیش کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے بعد میں اپنے برطانوی ہم منصب اور وزیر خارجہ David Lammy سے بھی ملاقات کی اور مزید بات چیت کے لیے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔

انہوں نے جناب Lammy کے ساتھ بھارت کے Chevening اسکالرس سے بھی ملاقات کی۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ یہ ہماری ذہانت اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے کی نشانی ہے اور یقینا یہ اسکالرس، بھارت-برطانیہ تعلقات کے بڑے حامی ہیں۔

اِس سے پہلے جناب جے شنکر نے برطانیہ کی وزیر داخلہ Yvette Cooper سے ملاقات کی اور ذہین افراد کی ایک دوسرے کے ملکوں میں آمدورفت، عوام سے عوام کے درمیان رابطوں، انتہا پسندی اور انسانی اسمگلنگ سے نمٹنے کے مشترکہ طریقوں پر بات چیت کی۔

کاروبار اور تجارت کے وزیرJanathan Raynolds کے ساتھ اپنی ملاقات میں ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت اور برطانیہ کے درمیان آزادانہ تجارت سے متعلق سمجھوتے پر، اب تک کی پیش رفت کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔×

Rev. Canada Tariffs

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکہ کے تین بڑے تجارتی ساجھیداروں، میکسیکو، کینیڈا اور چین کے خلاف تجارتی جنگ چھیڑنے کا فوری ردِّ عمل سامنے آیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے میکسیکو اور کینیڈا کی درآمدات پر 25 فیصد ٹیکس یا محصول عائد کردیا تھا۔ حالانکہ انھوں نے کینیڈین اِنرجی پر عائد ٹیکس کو 10 فیصد تک محدود رکھا۔ جناب ٹرمپ نے چینی مصنوعات پر گذشتہ مہینے عائد کیے گئے 20 فیصد محصولات کو بھی دوگنا کردیا ہے۔

کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے اخباری کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کینیڈا کے قریبی اتحادی اور دوست، امریکہ کی جانب سے کینیڈا پر محصولات عائد کرنے کے جواز کو مسترد کرتے ہوئے اسے تجارتی جنگ قرار دیا۔

ٹروڈو نے مزید کہا کہ اُن کا ملک اگلے 21 دنوں میں امریکی مصنوعات پر 100 ارب ڈالر کے محصولات عائد کرے گا۔

میکسیکو کی صدر Claudia Sheinbaum نے کہا کہ میکسیکو بھی اِن نئے ٹیکسوں کا اپنے جوابی ٹیکسوں سے ردِّ عمل ظاہر کرے گا۔

چین نے بھی گل جوابی ردِّ عمل کا اعلان کیا ہے جس کے تحت امریکہ کی زرعی درآمدات پر 10 سے 15 فیصد محصولات عائد کیے جائیں گے۔

Trump Zelensky

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے پچھلے جمعے کو وہائٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ کے بعد، جس میں کشیدگی کا ماحول رہا تھا، دیرپا امن کو یقینی بنانے کے لیے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں کام کرنے پر آمادگی کا اظہار کیا ہے۔

جب سے امریکہ نے، یوکرین کو دی جانے والی فوجی مدد روکی ہے، اُس کے بعد سے پہلی بار اپنی رائے زنی میں زیلنسکی نے ایک امن سمجھوتے اور معدنیات سے متعلق ایک دیگر سمجھوتے پر دستخط سے متعلق بات چیت کے لیے اپنے ملک کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ میٹنگ میں، اِن سمجھوتے کو قطعی شکل نہیں دی جا سکی تھی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، یوکرین کے صدر نے اِس میٹنگ کو افسوسناک قرار دیا اور مستقبل میں تعمیری تعاون کے لیے کہا۔

انہوں نے جنگ ختم کرنے کے لیے ابتدائی اقدامات بھی تجویز کیے، جن میں میزائل اور ڈرون پر بندش، قیدیوں کی رِہائی اور سمندر سے متعلق ایک سمجھوتہ شامل ہے، بشرطیکہ روس بھی اِس کا مثبت جواب دے۔×

Trump Congress Address

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے 100 سے زیادہ ایگزیکٹو آرڈرز پر دستخط کیے ہیں اور 400 ایگزیکٹو کارروائیوں پر عمل درآمد کیا ہے۔

اپنی دوسری مدت کار کے دوران پہلی بار کانگریس کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام نے انہیں کام کرنے کے لیے منتخب کیا ہے اور وہ اپنا کام کر رہے ہیں۔

ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے پہلے ہی امریکہ-میکسیکو سرحد پر قومی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے بہت کچھ کیا ہے۔

S/B Trump Illigal Border Crossing

Michigan کے سنیٹر Elissa Slotkin ڈیموکریٹک پارٹی کی طرف سے ٹرمپ کو جواب دیں گے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیاتIMD نے اگلے دو دن کے دوران دلی اور آس پاس کے علاقوں میں 20 سے 30 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

دلی اور آس پاس کے علاقوں کے موسم میں اچانک یہ تبدیلی ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں ہونے والی برفباری اور بارش کے سبب ہوئی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے آج اروناچل پردیش کے دور دراز علاقوں میں کہیں کہیں بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکم میں بھی اگلے دو روز کے دوران اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

## Cricket ICC Champions Trophy

کرکٹ میں، دبئی میں ICC چیمپینس ٹرافی کے سیمی فائنل میں کل بھارت نے آسٹریلیا کو چار وکٹ سے ہرایا۔ جیت کے لیے 265 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے 48 اوورس، ایک گیند میں، چھ وکٹ پر 267 رن بناکر میچ آسانی سے جیت لیا۔ وراٹ کوہلی نے 98 گیندوں میں شاندار 84 رن بنائے۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ شریس ایّر نے بھی 45 رن بنائے۔ اِس کے ساتھ ہی بھارت لگاتار تیسری مرتبہ ICC چیمپینس ٹرافی کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اِس سے پہلے آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ آسٹریلیا نے 49 اوورس، تین گیندوں میں 264 رن بنائے۔ بھارت کی طرف سے محمد شامی نے 3 وکٹ حاصل کیے۔

دوسرے سیمی فائنل میں آج پاکستان کے لاہور میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ، نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ اِس اہم میچ کی فاتح ٹیم کا مقابلہ اتوار کو فائنل میں بھارت سے ہوگا۔x

## Football ISL

انڈین سپر لیگ ISL فٹ بال میں کل رات جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں گوا FC نے محمڈن SC کو صفر کے مقابلے دو گول سے شکست دی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی گوا FC پوائنٹس ٹیبل میں دوسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ موہن بگان سُپر Giant کے ساتھ وہ پہلے ہی سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر چکا ہے۔

آج جمشید پور کے JRD ٹاٹا اسپورٹس کمپلیکس اسٹیڈیم میں جمشید FC کا مقابلہ اوڈیشہ سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ……ضمیر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے جنگلی جانوروں کے تحفظ کے مرکز ”ونتارا“ کے افتتاح کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ وزیراعظم نے گجرات کے جام نگر میں اس مرکز کا افتتاح کیا۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے داخلی اور خارجی خطرات سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی ایجنسیوں کے درمیان تال میل کی ضرورت پر زور دیاہے۔ جناب سنگھ نے وزارتِ داخلہ کی جانب سے منعقدہ سیمنار سے خطاب کے دوران یہ بات کہی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے امریکہ کی جانب سے یوکرین کو دی جانے والی سبھی فوجی امداد روک دیے جانے کی خبر کو صفحہئ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ اور صدر زیلینسکی کے درمیان ہوئی بحث کے تین دن بعد امریکہ نے فوجی امداد روکنے کا اعلان کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مہاراشٹر کابینہ کے وزیر دھننجے منڈے کے استعفیٰ کی خبر کو صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق سرپنچ قتل معاملے میں اپنے قریبی ساتھی کی گرفتاری کے بعد وزیراعلیٰ کو اپنا استعفیٰ پیش کیا تھا۔

روزنامہ انقلاب نے آسٹریلیا کو شکست دے کر بھارت کے چیمپینس ٹرافی کے فائنل میں پہنچنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ 9 مارچ کو بھارتی ٹیم کا سامنا، آج نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلے جانے والے دوسرے سیمی فائنل کی فاتح ٹیم سے ہوگا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج روزگار کے سلسلے میں، بجٹ کے بعد کے ویبینار میں شرکت کریں گے۔

2- حکومت نے آج نئی دلّی میں خواتین دوست مثالی گرام پنچایتوں کا آغاز کرے گی۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دوطرفہ باہمی تعاون پر بات چیت کے لیے لندن میں، برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer سے ملاقات کی۔

4- امریکہ کی طرف سے شروع کی گئی تجارتی جنگ کا میکسیکو، کینیڈا اور چین نے فوری جواب دیا ہے۔ انہوں نے بھی نئے محصولات عائد کر دیے ہیں۔

5- اور کرکٹ میں، بھارت ICC چیمپئنس ٹرافی 2025 کے فائنل میں داخل ہو گیا ہے۔ اُس نے دبئی میں آسٹریلیا کو 4 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔